ماهنامہ شانِ ہند دھلی
۱۰
ایڈیٹر:- سرور تونسوی
سالانہ قیمت پانچ روپیہ
جلد نمبر ۲۰ | نومبر ۱۹۶۰ء | شمارہ ۱۱

روحِ غزل

(محترمہ روحی دہلوی)

بلا سے کام ہم اپنا تمام کر لیتے
مگر جہانِ محبت میں نام کر لیتے

مزاجِ حیاتِ ابد کا نصیب ہو جاتا
ہم اُس گلی میں جو دم بھر قیام کر لیتے

بہ ایں جمال جو وہ دلنواز بھی ہوتے
مجھی پہ کیا ہے زمانے کو رام کر لیتے

صلاحِ شیخ تھی ترکِ شرابِ شوق مگر
حلال چیز کو ہم کیوں حرام کر لیتے

ہمارے پاس وہ آتے کبھی تو ہم روحی
بیانِ حال کا خود اہتمام کر لیتے

(دیا پرکاش سرور، پرنٹر پبلشر نے بیری آرٹ پریس دریا گنج سے چھپوا کر دفتر شانِ ہند ۵ انصاری مارکیٹ دریا گنج دہلی سے شائع کیا۔

افکار و واقعات

کتابیہ

مقدمات پریس ایکٹ کا خاتمہ

قارئین "شان ہند" کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ "شان ہند" کے خلاف دلی سرکار کی طرف سے پریس ایکٹ کے تحت جو چار مقدمات چل رہے تھے وہ دلی سرکار نے ۱۰ر اکتوبر سنہ ء کو واپس لے لئے ہیں۔ یہ مقدمات ایک سال تک چلتے رہے اور جو پریشانیاں ان مقدمات کی پیروی میں ہوئیں ان کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جن پر کبھی سرکاری مقدمات بنے ہوں۔ خدا کا شکر ہے کہ ان مقدمات سے نجات ملی بقول ع رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت

مقدمہ اعظم گڈھ

یہ مقدمہ جناب جگدیش چندر سری واستوا جوڈیشل آفیسر محمد آباد گہنہ اعظم گڈھ کی عدالت میں چل رہا ہے گذشتہ ایک سال کے عرصہ میں قریباً ۲۲ پیشیاں ہو چکی ہیں اس مقدمہ میں ایڈیٹر شان ہند دہلی کے علاوہ جناب نیر عبد اللہ سابق ایڈیٹر "ساقی" بنارس بھی ملزم ہیں۔ دونوں ملزمان پر فرد جرم عائد کردی گئی ہے۔ اور اس کے بعد گذشتہ پیشی پر مستغیث جناب ملک زادہ منظور احمد پر جرح ہو چکی ہے۔ اب استغاثہ اپنی شہادتیں پیش کرے گا۔ اس مقدمہ میں ۵ر نومبر سنہ ء کی تاریخ مقرر ہوئی ہے۔

مشاعرہ ہاتھرس

یکم ستمبر کو جناب بیدل ہاتھرسی کے اہتمام میں ہاتھرس میں ایک عوامی مشاعرہ جناب ساغر نظامی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں متعدد بیرونی شعراء نے شمولیت فرمائی یہ مشاعرہ نہایت کامیابی سے رات کے ۲ بجے تک چلتا رہا۔ ہاتھرس کے میونسپل بورڈ کے صدر جو کہ ہاتھرس کی مشہور جنگی مل کے مالک بھی ہیں نے شعراء کے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا۔ تمام شعراء انہیں کی کوٹھی پر قیام پذیر ہوئے قبلہ علامہ انور صابری۔ روحی دہلوی اور تبسم نگم اس مشاعرہ میں خوب خوب مقبول ہوئے۔

یادگار مشاعرہ مدراس

۲۳۔۲۴ر ستمبر کو چلڈرن تھیٹرز مدراس میں مجلس رفاہ عام کے اہتمام میں ایک کل ہند یادگار مشاعرہ منعقد ہوا۔ جس کی صدارت حضرت ناطق گلاوٹھی نے فرمائی جناب ابر احسنی گنوری نے اناؤنسر کے فرائض ادا کئے اس مشاعرہ کو کامیاب بنانے کے لئے مجلس رفاہ عام کے جملہ ممبران نے عموماً اور جناب اسمٰعیل خاں صاحب کنوینر مشاعرہ اور جناب سر و شی صاحب جنرل سکریٹری مشاعرہ کمیٹی نے جو محنت اور کاوش فرمائی ہے وہ یقیناً مبارکباد کے قابل ہے اس مشاعرہ کی مفصل رپورٹ شان ہند کی آئندہ اشاعت میں دی جا رہی ہے۔ یہ مشاعرہ ٹکٹ سے کیا گیا تھا اور ٹکٹ بھی ایک روپیہ سے لیکر پچیس روپے تک تھا۔ اس پر بھی ہال میں تل دھرنے کو جگہ نہ رہی اور سیکڑوں اشخاص ٹکٹ نہ ملنے کے باعث واپس گئے۔ مدراس کے اس مشاعرہ میں پہلی بار تین شاعرات محترمہ روحی دہلوی۔ محترمہ بینا رانی ناز اور محترمہ نایاب سلطانہ صاحبہ نے حصہ لیا۔ اس سے پہلے مدراس کے کسی بھی مشاعرہ میں کسی شاعرہ نے شرکت نہیں فرمائی۔

کل ہند عوامی مشاعرہ احمد آباد

۱۰ر اکتوبر کو حلقہ سارنگ پور احمد آباد کے عوام کی طرف سے ایک کل ہند مشاعرہ سارنگ پور کے میدان میں حضرت نارش پرتاب گڈھی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس مشاعرہ کے متعلق نہ تو کوئی پبلسٹی کی گئی اور نہ مقامی طور پر کوئی پوسٹر لگائے گئے اور نہ ہی منادی وغیرہ کی گئی اس کے باوجود پچیس تیس ہزار اشخاص نے اس مشاعرہ میں شریک ہو کر ثابت کر دیا کہ گجرات کی راجدھانی میں بھی اردو اپنی ہر دلعزیزی کو قائم رکھے ہوئے ہے۔ اس مشاعرہ میں روحی دہلوی اور جمیل افغانی بہت زیادہ کامیاب ہوئے۔ جمیل افغانی پندرہ اور روحی دہلوی نے دس غزلیں سنائیں۔ اناؤنسر کے فرائض ایڈیٹر شان ہند نے ادا کئے اس مشاعرہ کو کامیاب بنانے کے لئے جناب محشر جناب منور پرتاب گڈھی جناب عشرت الہ آبادی اور ان کے دوسرے رفقاء نے جس شبانہ روز محنت و کاوش سے کام لیا وہ یقیناً مبارکباد کے قابل ہے۔ اس مشاعرہ کی کمنٹری شان ہند کی آئندہ اشاعت میں دی جا رہی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ سنہ ء میں ہندوستان بھر میں ایسے مشاعرے بہت کم ہوئے ہیں جس قدر کہ یہ مشاعرہ کامیاب رہا۔

مشاعرہ گورداس پور

۱۶ر نومبر کو گورداس پور میں ایک کل ہند مشاعرہ ہو رہا ہے۔ یہ مشاعرہ جناب محکم سنگھ سوفی ایڈووکیٹ گورداسپور کی ... شپ میں ہو رہا ہے۔ دہلی سے حضرت علامہ انور صابری جناب روشن صدیقی جناب آزاد۔ جناب روحی دہلوی اور تبسم نگم شرکت فرما رہے ہیں۔ بمبئی سے محترمہ نایاب سلطانہ اور فیروزآباد سے جمیل افغانی کی شرکت کی بھی توقع ہے یہ مشاعرہ ہر سال اپنی روایات کے مطابق بہت اچھے پیمانہ پر ہوتا ہے۔ چونکہ ۱۶ر نومبر کو مقدمہ اعظم گڑھ میں ایڈیٹر شان ہند کی پیشی ہے اس لئے ایڈیٹر شان ہند اس مرتبہ اس مشاعرہ میں شرکت کرنے سے مجبور ہے تاہم اس مشاعرہ کی کمنٹری لکھنے کا انتظام کیا جا رہا ہے

مشاعرہ شاعرات

بہت جلد بمبئی اور احمد آباد میں ایسے مشاعرے ہو رہے ہیں جن میں صرف شاعرات ہی کلام سنائیں گی۔ بمبئی میں اس مشاعرہ کا انتظام جناب عالم الہ آبادی کر رہے ہیں اور احمد آباد میں حضرت منور پرتاب گڈھی اور ان کے ساتھی کر رہے ہیں۔ احمد آباد میں یہ مشاعرہ غالباً ہال میں کیا جائے گا اور ٹکٹ سے کیا جائے گا۔ عن قریب ان مشاعروں کے بارے میں مفصل اطلاعات شان ہند میں شائع کی جائیں گی امید ہے کہ شاعرات کے یہ مشاعرے امید سے بھی زیادہ کامیاب ہوں گے۔

ریڈیو سٹیشن دہلی کا مشاعرہ

آکاش وانی کے دہلی کیندر سے ۱۷ر دسمبر کو ایک طرحی مشاعرہ براڈکاسٹ ہو رہا ہے۔ مصرعے دور رکھے گئے ہیں سولہ شعراء اس مشاعرہ میں حصہ لے رہے ہیں مشاعرہ سپرو ہاؤس میں منعقد کیا جا رہا ہے اور سیکڑوں سخن فہموں کو ریڈیو والوں کی طرف سے یہ مشاعرہ سننے کی دعوت دی گئی ہے

مہندر سنگھ بیدی سحر

ہندوستان کے قابل قدر فرزند جناب کنور مہندر سنگھ بیدی سحر ... ایس۔ ورلڈ اولمپک گیمز روم میں شرکت کرنے کے بعد واپس تشریف لے آئے ہیں اور اپنے مستقر سنگرور میں قیام فرما ہیں۔ ہندی کی اکثر ادبی انجمنیں اور منتظمین مشاعرہ جو جناب سحر صاحب کی آمد کے منتظر تھے اور ان کے بارے میں خطوط سے دریافت کرتے تھے۔ ان سے گذارش ہے کہ وہ صاحب موصوف کو پتہ ذیل پر لکھ سکتے ہیں۔ جناب کنور مہندر سنگھ بیدی سحر آئی اے ایس ڈپٹی کمشنر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سنگرور (پنجاب)

مشاہیر نمبر

مقدمات سے کچھ نجات ملی ہے اور خدا نے چاہا تو جلد ہی مقدمہ اعظم گڑھ سے بھی نجات مل جائیگی اس کے بعد تمام تر توجہ مشاہیر نمبر کی اشاعت پر صرف ہوگی۔ مشاہیر نمبر ایک ہی جلد میں شائع کیا جائے گا جناب پروفیسر انیس ہندیلوی مشاہیر نمبر کو ایک ہی جلد میں ترتیب دے رہے ہیں۔ سائیکلو سٹائل کاغذ کا کوٹہ بھی آگیا ہے لہٰذا اب مشاہیر نمبر کی اشاعت میں مشکل نہ رہے گی۔

شان ہند ماہ دسمبر

دسمبر کی اشاعت سے شان ہند اپنی سابقہ روایات کے مطابق شائع ہوگا مشاعرہ احمد آباد اور مشاعرہ گورداس پور کی کمنٹری اس اشاعت میں شائع کی جا رہی ہے اور یادگار مشاعرہ مدراس کے بارے میں ایک مفصل مضمون بھی شائع کیا جا رہا ہے۔ چالیس کے قریب شعرا کا کلام دیا جا رہا ہے اور افسانہ بھی دیا جا رہا ہے۔ افکار و واقعات تو انشاءاللہ حسب سابقہ بے باکی و صداقت کے آئینہ دار ہوں گے۔ انتظام کیا گیا ہے کہ دسمبر سے شان ہند ہر ماہ تاریخ مقررہ پر اپنی سابقہ روایات کے مطابق شائع ہوتا رہیگا۔

روح غزل

محترمہ روحی دہلوی کا مجموعہ کلام "روح غزل" ترتیب دیا جا رہا ہے۔ یہ مجموعہ بیک وقت ہندی اور اردو میں الگ الگ شائع کیا جا رہا ہے۔ مکتبہ شان ہند کوشش کر رہا ہے کہ مجموعہ جس قدر بلحاظ کلام بلند و قابل مطالعہ ہے اسی قدر اسے بہترین گٹ اپ سے بھی شائع کیا جائے اس کے ساتھ ہی یہ بھی خیال رکھا جا رہا ہے کہ روح غزل کی قیمت دو روپیہ سے زیادہ نہ رکھی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اہل ذوق حضرات کے ہاتھوں میں جا سکے۔ "روح غزل" خرید نے والے حضرات اپنے آرڈر درج رجسٹر کرادیں تاکہ کتاب پریس سے نکلتے ہی ان کی خدمت میں بھجوا دی جائے۔ فرمائش میں اس کی وضاحت ضرور فرمائیے کہ آپ کو اردو یا ہندی ایڈیشن چاہیئے۔

ٹیلگرام اور ایکسپریس ڈلیوری کا پتہ

آپ جب بھی ایڈیٹر شان ہند کے نام کوئی ٹیلیگرام دیں یا ایکسپریس ڈلیوری کا لیٹر بھجوائیں تو اسے اس پتہ پر بھیجئے

SAHUR ROOM-11 - HOTEL RIVER

DARVA GANJ - DELHI 6

تضمین بر غزل حضرت نوح ناروی صاحب

ازجناب منور پرتاب گڑھی (احمد آباد)

کسی دوشیزہ کی حاجات کتنی
کہ شبنم کی بھلا اوقات کتنی
کلی کا روپ کتنا ذات کتنی
ابھی کمسن ہیں معلومات کتنی
وہ کتنے اور انکی بات کتنی

وہ اس رنگیں ادا کا شوخ وعدہ
تڑپتا جا رہا ہے درد دل کا
ابھی تو شام کا مہتاب چمکا
سحر تک حال کیا ہوگا ہمارا
خدا جانے ابھی ہے رات کتنی

بہت اونچا مقام آب و گل ہے
جو سودائے محبت میں مخل ہے
ہمارا تو ارادہ مستقل ہے
یہ سر ہے، یہ کلیجہ ہے، یہ دل ہے
وہ لیں گے خیر سے سوغات کتنی

مئے عرفاں کا افسانہ کہوں میں
نظر میں حسن کی دنیا رکھوں میں
کہ تسبیح پھیرنے کا دم بھروں میں
عبادت حضرت زاہد کروں میں
مگر اے قبلۂ حاجات کتنی

پریشاں سر بسر زلفیں بکھیرے
منور سوچتا ... ہے منہ اندھیرے
نہ ہوں غرقاب دنیا بھر کے ڈیرے
نہیں اے نوح رکتے اشک میرے
یہ طوفاں خیز ہے برسات کتنی

صادق سردھنوی کی تصانیف

فتح اندلس مکمل دونوں حصے	چھ روپیہ	سسلی کی ساحرہ
اندلس کے دو چاند مکمل دونوں حصے	چھ روپیہ	فتح یرموک
فتح بیت المقدس	تین روپیہ	فتح خیبر
خروش انتقام	پونے تین روپیہ	ماہ طلعت
عربی دوشیزہ مکمل دونوں حصے	چھ روپیہ	فتح مصر
حور مراقش	چار روپے	نقاب پوش پیغمبر
بہادر دوشیزہ	تین روپیہ	فتح شوستر
نازنین عرب	چار روپیہ	محبوبہ بدر خان
بہادر کرد	چار روپیہ	

غالب کی باتیں

یہ کتاب جناب شمس بن گرامی نے ترتیب دی ہے۔ غالب کی باتیں ایک ایسی
ہے جس کے مطالعہ سے آپ کو غالب کے بارے میں ایسی ایسی باتیں م
گی جسے آپ آج تک نہیں جانتے۔ اس کتاب کی قیمت ڈیڑھ روپے ہے
قارئین شان ہند کے لئے صرف آٹھ آنے میں دی جا رہی ہے۔ فرما
۵۰ نئے پیسے کے ٹکٹ بھجوایئے۔ تاکہ کتاب بک پوسٹ کے ذریعہ بھجوا
بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں۔ پہلی فرصت میں منگا لیجئے۔ بعد
کتاب ڈیڑھ روپیہ میں بھی نہ مل سکے گی۔

مکتبہ شان ہند دہلی